Rampur State Gazette.

رامپور اسٹیٹ گزٹ

بحکم اعلحضرت بندگان حضور پُر نور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۵۳ مطبوعہ روز شنبہ تاریخ ۷ شوال المکرم ۱۳۵۶ھ مطابق ۱۱ دسمبر ۱۹۳۷ء جلد ۴۹

حصہ اول

احکام اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر	مضمون	صفحہ	نمبر	مضمون	صفحہ
۱	صراحت اختیارات ایڈیشنل چیف مجسٹریٹ صاحب	۲	۶	عطائے رقم (پانچ پانچسو روپیہ) انسلا بدنسل از صیغہ مال بمسٹر احمد خاں صاحب مخبر دشمنی برقی و خلیل الرحمن خاں صاحب مرحوم کو ٹھیات صلۂ حسن خدمات۔	۳
۲	برقراری سلسلہ ملازمت کپتان شکور علیخاں ایڈیسی۔	۲و۳	۷	عطائے رینک میجر بہ کپتان آغا خاں صاحب ایڈی سی	〃
۳	رخصت سکنڈ لفٹنٹ صاحبزادہ سید اکرام رضا خاں بہادر	۳	۸	رہائی دس کس قیدیان بہ تقریب جشن سالگرہ ہمایوں اعلیٰ حضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم۔	
۴	ہدایت پیشی درخواستہائے رخصت و اجازت ملازمان باریکہ ہنگام تقاریب دربار یا اجلاس ہمایوں۔	〃	۹	بحالی رینک صوبہ داری جمعدار عبد الحمید خاں۔	〃
۵	انتظام سلسلۂ ریٹائری لفٹنٹ محمد جان خاں کمانڈنٹ خاص باغ۔	〃			

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

حکم:- واقع ۴ر دسمبر ۱۹۳۶ء

(دستخط اعلیٰ حضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم)

حسب صراحت و صدداشت اختیارات اڈیشنل چیف مجسٹریٹ کی منظوری دیجاتی ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

اعلیٰ حضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بعز عرض — جناب عالی: — پیرشا

عالی مرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر و چیف مجسٹریٹ نے تحریر کیا ہے کہ مسٹر محمد اسلم خاں صاحب بحکم اجلاس ہمایوں مورخہ ۷ر نومبر ۱۹۳۶ء اڈیشنل چیف مجسٹریٹ مقرر ہوئے ہیں لیکن حکم محولہ اور مجموعہ ضابطہ فوجداری رامپور میں اڈیشنل چیف مجسٹریٹ کے اختیارات کی صراحت نہیں ہے اس لئے ضرورت ہے کہ بابت اختیارات اڈیشنل چیف مجسٹریٹ معروضہ ذیل کی منظوری صادر فرمائی جائے۔ تاکہ مقدمات میں کسی قسم کا قانونی نقص واقع نہ ہو۔

صاحب اڈیشنل چیف مجسٹریٹ کو علاوہ اختیارات زیر دفعہ ۳۰ ضابطہ فوجداری جملہ وہ اختیارات حاصل ہوں گے جو صاحب چیف مجسٹریٹ کو مجموعہ ضابطہ فوجداری یا کسی اور قانون نافذ الوقت ریاست رامپور کے ذریعہ حاصل ہیں۔ مگر صاحب اڈیشنل چیف مجسٹریٹ صاحب چیف مجسٹریٹ کے ماتحت سمجھے جائیں گے۔ اور اغراض دفعہ ۱۹۲ ضمن (۱) دفعہ ۲۰۰ ضمن (۲) و دفعہ ۵۲۸ ضمن (۱) و (۳) ضابطہ فوجداری کیلئے بھی وہ صاحب چیف مجسٹریٹ کے ماتحت متصور ہونگے

بنابرآں ترقی خواہ مستدعی ہے کہ بیشگاہ ہمایوں سے معروضہ مندرجہ بالا کی منظوری کا حکم شرف نفاذ پائے۔ زیادہ حد ادب۔ دولت و اقبال جاوداں باد۔

عرضی

ترقی خواہ دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

معروضہ ۴ر دسمبر ۱۹۳۶ء

حکم:- واقع ۴ر دسمبر ۱۹۳۶ء

دستخط اعلیٰ حضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بموجب رپورٹ کپتان شکور علی خاں اے ڈی سی کا سلسلۂ ملازمت برقرار رکھا جانا منظور ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں

اعلیٰ حضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بعز عرض — پیرشا

جناب عالی

کپتان شکور علی خاں صاحب اے ڈی سی ۳ر نومبر ۱۹۳۶ء کو ملازمت سے بوجہ ناقابلیت علیحدہ کئے گئے تھے۔ اور ۱۲ر نومبر ۱۹۳۶ء کو معافی قصور بحال کئے گئے۔ ان کا سلسلۂ ملازمت نو ماہ اور گیارہ یوم منقطع رہا۔ جس کی قائمی کی انھوں نے استدعا کی ہے۔ فائنانس ڈپارٹمنٹ سے استصواب کئے جانے پر عالی مرتبت جناب صاحب فائنانس منسٹر بہادر نے تحریر فرمایا ہے کہ چونکہ کپتان صاحب کی برخاستگی اور بحالی بحکم ہمایوں عمل میں آئی ہے۔ اس لئے سلسلۂ ملازمت کا برقرار کیا جانا بھی باختیار ہمایوں ہے۔ فائنانس ڈپارٹمنٹ کو کوئی اختلاف نہیں۔ ترقی خواہ امیدوار ہے کہ برقراری سلسلۂ ملازمت کی بابت حکم ہمایوں شرف نفاذ پائے۔ ان ایام کی تنخواہ نہیں ملیگی

والا دیا - دولت و اقبال جاوید باد

عرضـــــــی

ترقی خواہ دستخط صاحب ملٹری سکریٹری بہادر

مورخہ ۴ دسمبر ۱۹۳۶ء -

حکم: واقع ۴ دسمبر ۱۹۳۶ء

مرسلہ یادداشت صاحب ملٹری سکریٹری بہادر بدیں خلاصہ کہ سکنڈ لفٹنٹ صاحبزادہ سید اکرام رضا خاں بہادر لعارضہ قلب علیل ہیں - اور تین ہفتہ سے انہوں نے ڈیوٹی نہیں کی ہے - اب صاحب چیف میڈیکل افسر بہادر کا سارٹیفکٹ دو ہفتہ کی رخصت کے لئے پیش کیا ہے تاکہ وہ باہر جاکر علاج و تبدیل آب و ہوا کریں - لہذا کاغذات برائے ملاحظہ و صدور حکم حضور انور میں پیش ہیں

حکم

سکنڈ لفٹنٹ صاحبزادہ اکرام رضا خاں بہادر اے ڈی سی کی رخصت دو ہفتہ منظور ہے - سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں

(دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم)

روبکار مورخہ ۹ دسمبر ۱۹۳۶ء

(دستخط اعلیٰ حضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم)

رخصت ملازمان اور اجازت ایام تعطیلات کے جو اختیارات عالی مرتبت منسٹر صاحبان بہادر و سکریٹری صاحبان بہادر و دیگر افسران صیغہ کو ہیں - وہ ان کے ماتحت منظوری رخصت اور اجازت تعطیلات کے مجاز ہیں - مگر ایسے ایام اور تعطیلات (جنمیں دربار یا تقاریب واقع ہوں) کی رخصت اور اجازت دینا عدم حاضری دربار کی اجازت کا مرادف اور افسران مذکور کے اختیارات سے بالا ہے - شرکت اور عدم حاضری دربار کی اجازت صرف اجلاس ہمایوں سے ہوسکتی ہے - آیندہ کے لئے حکم دیا جاتا ہے کہ ایسی رخصت یا اجازت تعطیلات کی درخواست جن میں دربار وغیرہ ہوں اور رخصت حاصل کرنے والا عدم حاضری دربار کی استدعا کرے تو وہ بلحاظ تنخواہ برائے صدور حکم اجلاس ہمایوں میں پیش کیجائے -

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں - ایک نقل درج گزٹ ہو -

روبکار واقع ۷ دسمبر ۱۹۳۶ء

(دستخط اعلیٰ حضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم)

لفٹنٹ محمد جان خاں کمانڈنٹ خاص بارغ کو پنشن پر [illegible] کیا جاتا ہے - اور اس سلسلہ میں حسب ذیل احکام صادر کئے جاتے ہیں :-

(۱) سکنڈ لفٹنٹ صاحبزادہ اکرام رضا خاں بہادر اے ڈی سی بہ تنخواہ و رینک موجودہ کمانڈنٹ خاص بارغ مقرر ہوں -

(۲) سکنڈ لفٹنٹ سید ضمیر احمد اے ڈی سی کو لفٹنٹ کا رینک عطا کیا جاتا ہے - بموجب گریڈ منظور شدہ لفٹنٹ رینک کی تنخواہ پائیں گے -

(۳) اسٹاف میں بجائے سید ضمیر احمد مرزا فاروق بیگ کو بعطائے رینک سکنڈ لفٹنٹ اے ڈی سی مقرر کیا جاتا ہے بموجب گریڈ منظور شدہ سکنڈ لفٹنٹ رینک کی تنخواہ ملیگی صاحب ملٹری سکریٹری بہادر باقاعدہ ٹریننگ کا انتظام کریں -

(۴) چونکہ محمد جان خاں کے ریٹائر ہونیکی وجہ سے لفٹنٹ کی تنخواہ خالی ہوگئی - اسلئے سید ضمیر احمد کو [illegible]

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہو

نقل درج گزٹ ہو -

روبکار

مورخہ ۷ر دسمبر ۱۹۳۶ء

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

مسٹر امیر احمد خاں انجینیر روشنی برقی و خلیل الرحمن خاں مرحوم کو ریاست کی خدمات پسندیدہ ہیں۔ ماہ دولت و اقبال کو ان کی پرورش منظور خاطر ہے۔ لہذا ان کے فی کس پانچ پانچ سو روپیہ سالانہ صیغہ مال سے نسلاً بعد نسل بشرط وفاداری ریاست و حکومت مقرر کئے جاتے ہیں۔ ایک موضع کا تعین کر دیا جائے۔ جس کی نکاسی سے انکو یہ رقم ملتی رہے۔ دار الانشاء سے حسب قاعدہ سند دیجائے۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا برائے تعمیل عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ بعد اجرائے احکام اصل روبکار دار الانشاء کو واپس کیا جائے۔ ۸ر دسمبر ۱۹۳۶ء

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

روبکار

مورخہ ۸ر دسمبر ۱۹۳۶ء

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

کپتان آغا خان ایڈی سینز میں ہنیر ہیں اور اپنی خدمات قابل اطمینان طور پر انجام دیتے ہیں لہذا بتقریب جشن سالگرہ ہمایوں انکو میجر کا رینک عطا کیا جاتا ہے۔ بموجب گریڈ منظور شدہ میجر رینک کی تنخواہ پائیں گے بجٹ صیغہ فوج کی جنرل سیونگ سے رقم اضافہ ادا ہوگی۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔

روبکار

مورخہ ۸ر دسمبر ۱۹۳۶ء

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بتقریب جشن سالگرہ معہ حسب ذیل دس قیدیان کو معافی بقیہ مدت قید جیل سے رہا کیا جانا منظور کیا جاتا ہے۔

۸ر دسمبر ۱۹۳۶ء کو رہا کیا جائے

۱۔ سید محفوظ علی ولد سید لطف علی ساکن کوچہ قاضی مجرم دفعہ ۳۰۴ تعزیرات رامپور
۲۔ بخش اللہ خاں ولد نیاز اللہ خاں ساکن موضع بھٹ پور مجرم دفعہ ۳۰۲ تعزیرات رامپور
۳۔ محمد احمد خاں ولد کرنل نور محمد خاں ساکن گھیر شرف الدین خاں مجرم دفعہ $\frac{۳۰۴}{۱۰۹}$ تعزیرات رامپور (جرمانہ معاف کیا جاتا ہے)
۴۔ عبد المجید ولد عبد اللہ نوربان ساکن ستون سنگ مجرم دفعہ ۳۰۴ تعزیرات رامپور۔
۵۔ نبن خاں ولد امین خاں ساکن شاہ آباد مجرم دفعہ ۳۰۴ تعزیرات رامپور۔
۶۔ سید معشوق علی ولد الطاف حسین ساکن شاہ آباد مجرم دفعہ ۳۰۴ تعزیرات رامپور
۷۔ جیندا ولد بچو ساکن محلہ گنج قدیم مجرم دفعہ ۳۰۲ تعزیرات رامپور
۸۔ رتی لال ولد انندی پرشاد ساکن گنج قدیم مجرم دفعہ ۳۰۲ تعزیرات رامپور
۹۔ موہن لال ولد انندی لال ساکن گنج قدیم مجرم دفعہ ۳۰۲ تعزیرات رامپور
۱۰۔ کلوا ولد ننھے حجام ساکن موضع جیندپورہ مجرم دفعہ $\frac{۳۹۷}{۳۹۹}$ تعزیرات رامپور۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے اصل روبکار ہذا برائے تعمیل عالیمرتبت صاحب انسپکٹر جنرل بہادر پولیس کے پاس مرسل ہو۔ ایک نقل برائے اندراج گزٹ مطبع بھیجی جائے۔

حکم

مورخہ ۹ر دسمبر ۱۹۳۶ء

بموجب رپورٹ جمعدار عبد الحمید خاں کا صوبیدار رینک بحال کیا جانا منظور ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بعرض	جناب عالی	پیش شد

جمعدار عبد الحمید خاں جن کا رینک صوبیداری تین ماہ کیواسطے حسب حکم مورخہ ... نومبر ۱۹۳۶ء ملتوی فرمایا گیا ہے ماہرو ہے بڑی مستعدی اور تندہی سے خدمات متعلقہ انجام دیرہے ہیں اور شیکا... پہلے ہی حضور کے حکم کا رینک تو ... امیدوار ہے کہ بتقریب جشن سالگرہ ہمایوں جمعدار عبد الحمید خاں کو رینک صوبیداری بحال فرمایا جاکر حکم شرف نفاذ پائے۔ دولت جاوید باد

رپورٹ ... صاحب انسپکٹر جنرل پولیس مورخہ ۹ر دسمبر ۱۹۳۶ء